**جنت کا سفر**، خرم مراد۔ ناشر: منشورات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ صفحات: ۴۰۳۔ قیمت: ۱۶۰ روپے۔

زیرنظر کتاب ۲۱ دروس حدیث کا ایک نادر مجموعہ ہے۔ یہ ایمانیات، عبادات، معاملات، اخلاقیات اور اُمت مسلمہ کے مسائل پر دیے گئے اُن خطبات کی ایک سیریز ہے، جو محترم خرم مراد نے مارچ ۱۹۹۱ء سے دسمبر ۱۹۹۵ء تک کے عرصے میں گارڈن ٹاؤن، لاہور کی مسجد بلال میں نمازِ جمعہ کے مواقع پر پیش کیے تھے۔ موضوعات کی ایک جھلک ملاحظہ ہو:

اللہ کی قدرت، شرک سے پاک اللہ کی بندگی، قرآن کے عجائب، نیت اور عمل، نیکی اور بدی، دنیا کی زندگی کی حقیقت، حقیقتِ زہد، نماز کیسے بہتر کریں؟ حج اور قربانی، حبِ دنیا، حسد اور بغض، دل کی زندگی، رزقِ حلال، شکر اور صبر، امانت داری، وعدے کی پابندی، عدل و انصاف کا قیام، کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلانا، غلطیوں کو معاف کرنا، توبہ کا دروازہ کھلا ہے، دین آسان ہے۔

ہر درس میں اسلام کے نظامِ زندگی کا ایک جامع اور مختصر نقشہ پیش کیا گیا ہے۔ ان تمام دروس میں ایک معنوی ربط اور قدرِ مشترک یہ ہے کہ یہ سب شخصی تربیت و تزکیہ، اجتماعی اصلاح وانقلاب، اُخروی فلاح اور جنت کے حصول کے لیے فکرمند اور مضبوط کرنے والے ہیں۔

درسِ قرآن ہو یا درسِ حدیث، تقریر ہو یا تحریر، خرم مراد مرحوم کے اسلوب بیان میں ایک منفرد شیرینی اور ایمان و یقین کی بے پناہ دل آویزی پائی جاتی ہے۔ مصنف کے دل میں یہ تڑپ تھی کہ قرآن و سنت کی روح لوگوں کی زندگی میں رچ بس جائے اور اُن کا منشا و مقصود اللہ کی رضا بن جائے۔ یہی تڑپ، اضطراب اور بے تابی زیرنظر دروس میں کارفرما نظر آتی ہے۔ کتاب کے مقدمے میں لکھا گیا ہے کہ حدیث کی تشریح اس انداز میں ہے کہ دلوں کے تار چھیڑتی ہے (ص ۸)۔ اس میں ذرہ برابر مبالغہ نہیں۔ بقول اقبال ع دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے۔

ان ۲۱ دروس کو، دعوت و تبلیغ میں آسانی کے لیے، الگ الگ کتابچوں کی شکل میں بھی پیش کیا گیا ہے۔ کتاب کے معنوی حُسن کے عین مطابق، درست املا، عمدہ کاغذ، خوب صورت چھپائی اور دیدہ زیب سرورق کے ساتھ مناسب قیمت منشورات ہی کا طرۂ امتیاز ہے۔ (حمیداللہ خٹک)